سوال

(167) رمضان شریف کے روزوں کی قضا کب کرنی چاہیے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رمضان شریف کے روزوں کی قضا کب کرنی چاہیے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رمضان کے بعد سال بھر میں جب موقع مل جائے تب رکھ لینے چاہیں۔ لیکن جہاں تک ہوسکے روزے رکھنے میں جلدی کرنی چاہیے۔

بلاوجہ دیر کرنا ٹھیک نہیں۔ دوسرے رمضان کے آنے سے پہلے ادا کر لینا چاہیے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں۔ ((یکون علی الصوم من رمضان فما استطیع ان اقضی الافی شعبان ابوداؤد)) ''میرے ذمہ رمضان شریف کے روزے ہوتے تھے۔ ان کو میں شعبان میں ادا کرتی تھی۔'' (الاعتصام جلد ۱۹ شمارہ ۴۷۔ ۸ا جمادی الاول ۱۳۸۷ھ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 06 ص 443

محدث فتویٰ